ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (145)

مورخہ 02/03/2023

**بھاولپور ( ) پولیس تھانہ قائمپور کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑی کاروائی، موبائل سنیچنگ جیسے جرائم میں ملوث صابری گینگ کے 2 ملزمان اور منشیات کے 2 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے کے موبائل اور 2500 گرام چرس برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔عوام الناس کا خراج تحسین، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جا رہا ہے، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق بھاولپور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس تھانہ قائمپور کی ٹیم نے ایس ایچ او عامر لعل کی قیادت میں صابری گینگ کے دو بڑے موبائل سنیچر کو گرفتار کر لیا جن سے لاکھوں روپے کے موبائل برآمد ہوئے، موبائل سنیچر مختلف علاقہ حدود میں وارداتیں کرتے تھے۔اس کے علاوہ منشیات میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا جن سے 2500 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ڈی پی او بہاولپور نے ٹیم کو شاندار کارکردگی پر شاباش دی۔ قائمپور کی سیاسی و سماجی شخصیات اور سول سوسائٹی کی جانب سے بھی ایس ایچ او قائمپور عامر لعل اور انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے اور ایسی مزید کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بھاولپور، تھانہ قائمپور پولیس نے موبائل سنیچنگ جیسے جرائم میں ملوث صابری گینگ کے 2 ملزمان اور منشیات کے 2 ملزمان گرفتار کر لیے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز(146)

02-03-2023

## بہاول پور() پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ ماہ فروری 2023ء کل 55071 ایمرجنسی کالز میں سے 31716 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تا کہ پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے،پولیس افسران 15 کی کال پر فوری ریسپانس کریں،پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر رسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی او سید محمد عباس۔

تفصیلات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 ایکٹیو ہے۔ فروری کے مہینے میں پکار 15 سنٹر الائزڈ سسٹم پر کل 55071 کالز موصول ہوئیں،جن میں 4679 کالز پر فوری امداد جبکہ 1870 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 31716 جھوٹ پر مبنی کالز موصول ہوئیں۔ٹریفک کیسسز سے متعلق 145 کالز موصول ہوئیں،جس پر لوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اوران کی حساسیت سے بھی محفوظ ہو جاتا ہے،اگر متعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اور ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں تا کہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جا سکے۔

ترجمان  بہاولپور پولیس



بہاول پور() پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم،ماہ فروری 2023ء کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی